بدھ 13 جون 2007ء

احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 13 جون 2007ء 27 جمادی الاول 1428 ہجری 13 احسان 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 131

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے، ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے۔ اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے، اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو۔ کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھادوں۔ کس دف سے بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں۔ اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں۔

اگر تم خدا کے ہو جاؤ گے تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے۔ تم سوئے ہوئے ہو گے اور خدا تعالیٰ تمہارے لئے جاگے گا۔ تم دشمن سے غافل ہو گے اور خدا اسے دیکھے گا اور اس کے منصوبے کو توڑے گا۔ تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں اور اگر تم جانتے تو تم پر کوئی ایسا دن نہ آتا کہ تم دنیا کے لئے سخت غمگین ہو جاتے۔ ایک شخص جو ایک خزانہ اپنے پاس رکھتا ہے۔ کیا وہ ایک پیسہ کے ضائع ہونے سے روتا ہے اور چیخیں مارتا ہے اور ہلاک ہونے لگتا ہے۔ پھر اگر تم کو اس خزانہ کی اطلاع ہوتی کہ خدا تمہارا ہر ایک حاجت کے وقت کام آنے والا ہے تو تم دنیا کے لئے ایسے بے خود کیوں ہوتے؟ خدا ایک پیارا خزانہ ہے اس کی قدر کرو کہ وہ تمہارے ہر ایک قدم میں تمہارا مددگار ہے۔ تم بغیر اس کے کچھ بھی نہیں اور نہ تمہارے اسباب اور تدبیریں کچھ چیز ہیں۔ غیر قوموں کی تقلید نہ کرو کہ جو بکلی اسباب پر گر گئی ہیں۔ اور جیسے سانپ مٹی کھاتا ہے انہوں نے سفلی اسباب کی مٹی کھائی اور جیسے گِدھ اور کتے مردار کھاتے ہیں انہوں نے مردار پر دانت مارے۔ وہ خدا سے بہت دور جا پڑے۔ انسانوں کی پرستش کی اور خنزیر کھایا اور شراب کو پانی کی طرح استعمال کیا اور حد سے زیادہ اسباب پر گرنے سے اور خدا سے قوت نہ مانگنے سے وہ مر گئے اور آسمانی روح ان میں سے ایسی نکل گئی جیسا کہ ایک گھونسلے سے کبوتر پرواز کر جاتا ہے۔ ان کے اندر دنیا پرستی کا جذام ہے جس نے ان کے تمام اندرونی اعضاء کاٹ دئے ہیں۔ پس تم اس جذام سے ڈرو۔ میں تمہیں حد اعتدال تک رعایت اسباب سے منع نہیں کرتا بلکہ اس سے منع کرتا ہوں کہ تم غیر قوموں کی طرح نرے اسباب کے بندے ہو جاؤ اور اس خدا کو فراموش کر دو جو اسباب کو بھی وہی مہیا کرتا ہے اگر تمہیں آنکھ ہو تو تمہیں نظر آجائے کہ خدا ہی خدا ہے اور سب ہیچ ہے۔

(کشتئ نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 21)

اللہ اور رسولؐ کی اطاعت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور اپنے درمیان اصلاح کرو اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو۔ (انفال:2)

اور اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اور آپس میں مت جھگڑو ورنہ تم بزدل بن جاؤ گے اور تمہارا رعب جاتا رہے گا اور صبر سے کام لو یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ (انفال:47)

اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور (برائی سے) بچتے رہو اور اگر تم پیٹھ پھیر جاؤ تو جان لو کہ ہمارے رسول پر صرف واضح پیغام پہنچانا ہے۔ (المائدہ:93)

اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔ پس اگر تم منہ موڑ لو تو (جان لو کہ) ہمارے رسول پر محض پیغام کا صاف صاف پہنچا دینا ہے۔ (التغابن:13)

خدام الاحمدیہ پر قیام نماز کی ذمہ داری

۞ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ آپ جو خدام الاحمدیہ کی عمر کے ہیں یہ عمر کی ایک ایسی Range ہے یعنی پندرہ سے چالیس سال تک کی۔ جس میں باپ بھی ہیں، بھائی بھی ہیں، بیٹے بھی ہیں تو بحیثیت باپ آپ کی ذمہ داری ہے کہ نئی نسل میں اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل یقین پیدا کرنے کیلئے اپنے عمل سے اپنے بچوں کے سامنے یہ نمونہ پیش کریں کہ تمہاری فلاح اور تمہاری کامیابی اور تمہاری آئندہ کی ترقی خدا کے ساتھ تعلق پیدا کرنے میں ہے اور خدا کے ساتھ تعلق پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ وقت پر نمازوں کی ادائیگی اور باجماعت نمازوں کی ادائیگی ہے۔ بھائی کی حیثیت سے بھی یہ ذمہ داری ہے کہ چھوٹے بہن بھائیوں کیلئے نیک نمونہ بنیں۔ یہاں پھر میں کہوں گا کہ ماں باپ کی اصل میں ذمہ داری ہے کہ وہ بڑے بچے کی خاص طور پر ایسی تربیت کریں۔ تو آپ میں سے بہت سارے ایسے ہیں جن کے بچے بھی اس عمر کو پہنچ گئے ہیں جن کی تربیت کی ضرورت ہوگی۔ عموماً جماعت کیلئے بھی میں عرض کر رہا ہوں کہ ایسی تربیت کریں بڑے بچے کی کہ چھوٹے بچے خود بخود اس سے نمونہ حاصل کریں اور پھر آپ کو تربیت میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ اگر بڑا بچہ نمازوں کا عادی ہو جائے گا تو چھوٹا بچہ خود بخود اپنے ماحول کو دیکھ کر نمازیں پڑھنے لگ جائے گا تو خدام الاحمدیہ جو بظاہر نوجوانوں کی ایک تنظیم ہے لیکن عملاً اس میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ عمر کے فرق کی وجہ سے سیکھنے والے بھی موجود ہیں اور سکھانے والے بھی۔ اس میں متاثر کرنے والے بھی موجود ہیں اور اس میں متاثر ہونے والے بھی اور اس میں اچھائی اور برائی کا رنگ دینے والے بھی موجود ہیں اور رنگ پکڑنے والے بھی۔ پس اگر آپ میں سے ہر ایک اگر نیکی کو قائم کرنے والا اور برائی کو رد کرنے والا بن جائے اور نمازوں کو قائم کرنے والا بن جائے تو سمجھ لیں کہ آپ کامیاب ہو گئے اور جس قوم کے نوجوانوں میں

باقی صفحہ 2 پر

ناز و نیاز

اک گونا عقیدت ہے مجھے کاہکشاں سے
نسبت ہے مری خاک کو اک شاہِ شہاں سے

جس نام سے تم چاہو پکارو ہمیں یارو
کیا بگڑے گا دیوانوں کا شمشیرِ زباں سے

وقت آئے تو کر دیتے ہیں ہم پیش دل و جاں
ہم کام نہیں لیتے فقط آہ و فغاں سے

یہ عشق کے آداب میں توہینِ وفا ہے
اک لفظ بھی شکوے کا نکل جائے زباں سے

کیا ہم بھی زمانے میں ہیں محتاجِ تعارف
معروف ہیں ہم خدمتِ اقوام جہاں سے

عشق شہ شاہاں سے ملے ہم کو دو عالم
کیا ملنا تھا شبیرؔ ہمیں عشقِ بُتاں سے

چوھدری شبیر احمد

27ویں فضل عمر کلاس

(یکم تا 15 جولائی 2007ء)

نظارت تعلیم القرآن کے زیر اہتمام 27ویں فضل عمر درس القرآن کلاس یکم تا 15 جولائی 2007ء کو ربوہ میں منعقد کی جا رہی ہے۔ تمام امرائے اضلاع اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ اپنے ضلع کی مختلف جماعتوں سے ٹارگٹ کے مطابق مستعد اور صحت مند افراد کو مقرر کردہ تاریخوں میں مرکز سلسلہ میں بھجوائیں اور درج ذیل ضروری امور کا بھی خیال رکھیں۔

☆ اس کلاس کیلئے جو احباب و خواتین تشریف لائیں ان سے درخواست ہے کہ کلاس کیلئے مکمل تیاری کے ساتھ آئیں اور ضرور سامان مثلاً قرآن کریم، نوٹ بک، پنسل وغیرہ ضرور ہمراہ لائیں تاکہ دوران کلاس تنگی نہ ہو۔

☆ طلباء کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ہمراہ امیر ضلع/مقامی امیر یا صدر کی تصدیقی چٹھی لازماً لائیں بصورت دیگر ان طلباء کو کلاس میں شامل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ (مقامی صدران طلباء کے اسماء کی لسٹ امیر صاحب ضلع کو بھی مہیا کریں)

☆ تمام طلباء و طالبات کلاس شروع ہونے سے ایک دن قبل لازماً تشریف لے آئیں۔ یکم جولائی کے بعد رجسٹریشن نہ ہوگی۔ جو طلباء لیٹ تشریف لائیں گے انہیں کلاس میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

امید ہے کہ آپ اس کار خیر میں تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

(ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی)

(بقیہ صفحہ 1)

عباد الرحمٰن یعنی عبادت کرنے والے اس کے حقیقی بندے پیدا ہو جائیں تو اس کو پھر دنیا کی کوئی طاقت نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ پس اس طرز پر اپنی زندگی ڈھالیں اور اپنے چھوٹوں کی بھی تربیت کریں۔

(مشعل راہ جلد پنجم صفحہ 12)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی ربوہ)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

بیوت الذکر کی تعمیر

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ممالک بیرون میں احمدیہ بیوت الذکر کی تعداد تیرہ ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ تاہم سیدنا حضرت مصلح موعود کی ایک خصوصی تحریک بابت تعمیر بیوت الذکر کو جاری رکھنا ازبس ضروری ہے تاکہ بیرون پاکستان ہر ملک میں ہی نہیں بلکہ ہر گاؤں میں خدا کا گھر تعمیر کروایا جائے۔ اس سلسلے میں جماعتوں کو حضرت مصلح موعود کے ارشادات کی یاددہانی حسب ذیل خلاصہ کی صورت میں کروائی جاتی ہے۔ آپ کے ارشادات کے مطابق ہر خوشی کے موقع پر بیوت الذکر کی مد میں شکرانہ کے طور پر حسب استطاعت چندہ ادا کیا جائے۔ مثلاً شادی، بچے کی پیدائش، ملازمت کے حصول میں کامیابی اور امتحانات میں کامیابی وغیرہ۔ بعض جماعتوں میں دیکھا گیا ہے کہ خوشی کے مواقع پر عہدیدار حضرات بیوت الذکر کا چندہ لیتے ہیں مگر وہ مقامی بیت الذکر کے لئے لیتے ہیں انہیں حضرت مصلح موعود کی تحریک کے مطابق ممالک بیرون کی بیوت الذکر کیلئے بھی چندہ لینا اور اسے مرکز میں بھجوانے کا بھی اہتمام کرنا چاہئے۔ مخلصین جماعت ہر خوشی کے موقع پر بیوت الذکر کی تعمیر میں حصہ لینے کی سعادت حاصل کرتے رہیں۔ عہدیداران جماعت سے درخواست ہے کہ وہ مقامی طور پر ہر خوشی کے موقع پر متعلقہ گھرانوں کو اس کی موثر تحریک کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

بلاک وائز کبڈی ٹورنامنٹ

(مجلس خدام الاحمدیہ مقامی۔ ربوہ)

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کے زیر اہتمام اور مجلس صحت کے تعاون سے علوم الف بلاک نے بلاک وائز کبڈی ٹورنامنٹ مورخہ 28 مئی تا 5 جون 2007ء گھوڑ دوڑ گراؤنڈ میں منعقد کروایا۔ اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ اور تقریب تقسیم انعامات مورخہ 5 جون 2007ء کو بعد نماز عصر گھوڑ دوڑ گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم قمر احمد کوثر صاحب نائب ناظر رشتہ ناطہ تھے۔ کبڈی ٹورنامنٹ میں 7 ٹیموں نے شرکت کی جن کو دو پولز میں تقسیم کیا گیا تھا۔ کل 12 میچز کھیلے گئے۔ ہر پول سے دو ٹیموں نے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کیا۔ فائنل میچ علوم الف بلاک اور ناصر بلاک کے درمیان کھیلا گیا جو ایک دلچسپ مقابلے کے بعد علوم الف بلاک نے جیت لیا اور اس ٹورنامنٹ کی فاتح قرار پائی۔ ربوہ کے اس روایتی کھیل کو دیکھنے کیلئے دور دور سے شائقین اکٹھے ہوئے تھے انہوں نے دلچسپی سے میچ دیکھا اور اپنی اپنی پسند کی ٹیموں کو دل کھول کر داد دی میچ کے اختتام پر اس ٹورنامنٹ کے ناظم اعلیٰ ہومیو ڈاکٹر عامر شفیق صاحب بلاک لیڈر علوم الف بلاک نے رپورٹ پیش کی۔ بعدہ مہمان خصوصی نے انعامات تقسیم کئے اول آنے پر علوم الف بلاک کی ٹیم کے کپتان خواجہ امیر قدوس صاحب نے ٹرافی حاصل کی۔ مہمان خصوصی نے اختتامی کلمات میں اس ٹورنامنٹ کے منعقد ہونے پر خوشنودی کا اظہار کیا۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اور ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوا۔

جلسہ یوم خلافت

(مجلس نابینا ربوہ)

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ امسال بھی مجلس نابینا ربوہ کو جلسہ یوم خلافت منانے کی توفیق ملی۔ صدارت کے فرائض مکرم سید طاہر محمود ماجد صاحب نائب ناظر مال آمد نے انجام دیئے۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد تین تقاریر ہوئیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ مکرم محمد طاہر شیراز صاحب مربی سلسلہ نے منصب خلافت پر اور خاکسار نے خلافت کی برکات کے موضوع پر تقریر کی۔ آخر پر اس بابرکت مجلس کے مہمان خصوصی نے اپنے اختتامی کلمات میں خلافت کی اطاعت کی اہمیت کے موضوع پر تقریر کی۔ مجلس نابینا کے اراکین کی اس اجلاس کیلئے حاضری بھرپور رہی۔ آخر پر ریفریشمنٹ کا بھی انتظام تھا۔ دعا کے ساتھ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

(حافظ محمد ابراہیم: جنرل سیکرٹری مجلس نابینا ربوہ)

درخواست دعا

مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب اسد میڈیسنز ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم عبدالمجید صاحب بعارضہ قلب۔ کمی خون اور دائیں ٹانگ کے فریکچر کی وجہ سے علیل ہیں اور سی۔ ایم۔ ایچ راولپنڈی میں آرتھوپیڈک وارڈ میں زیر علاج ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو محض اپنے فضل و احسان سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

مکرم مرزا نسیم احمد برلاس صاحب سیکرٹری امانت تربیت حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی اہلیہ محترمہ بیک بون میں شدید درد کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

جماعت احمدیہ میں وقف زندگی کا نظام

اور واقفین کیلئے ہدایات

احمد مستنصر قمر صاحب

یہ بات کسی صاحب علم سے مخفی نہیں ہے کہ الٰہی جماعتوں کے ساتھ ہمیشہ سے خدا تعالیٰ کا یہ سلوک رہا ہے کہ وہ ان کی بنیادی اینٹ یعنی ان کے تمام اہم اور کلیدی مقاصد کی بنیاد اپنے انبیاء کے ہاتھوں سے رکھواتا ہے۔ جو آنے والے وقتوں میں خدا تعالیٰ سے تائید یافتہ اور ہدایت یافتہ ان کے خلفاء کی قیادت اور نگرانی میں ترقی پاتے ہیں اور کامیابیوں کے ان گنت مراحل طے کرتے ہوئے اپنے منطقی انجام تک پہنچتے ہیں۔

دین کی حیات نو آج جماعت سے عظیم قربانیوں کا تقاضا کرتی ہے۔ جامعہ احمدیہ جیسے عالمگیر اہمیت کے حامل ادارہ کا قیام بھی دراصل حضرت اقدس مسیح موعود کے مشن کی تکمیل کے واسطے ہے جماعت کی تاریخ میں اس کی بنیادی اینٹ بھی سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنے ہاتھ سے رکھی۔ اور اس کے بنیادی مقاصد بیان فرمائے اور اس مقصد عالی کے حصول کے لئے آپ نے ایسے جاںنثار مربیان اور واعظین کا تقاضا بھی فرمایا جو سلسلے کی خدمت اور اس کی اغراض کے لئے اپنی، جان، اموال اور نفس کی قربانی کو عزیز رکھتے ہوں اور دنیا کی ملونی سے پاک ہوں۔ چنانچہ جامعہ احمدیہ کی بنیادی اینٹ یعنی مدرسہ احمدیہ کی بنیادی اینٹ رکھتے ہوئے فرمایا:۔

''یہ مدرسہ اشاعت (۔) کا ایک ذریعہ بنے اور اس سے ایسے عالم اور زندگی وقف کرنے والے لڑکے نکلیں جو دنیا کی نوکریاں اور مقاصد کو چھوڑ کر خدمت دین کو اختیار کریں۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 618)

اس سلسلہ میں آپ نے ایک اشتہار بعنوان ''ایک ضروری فرض کی تبلیغ'' 15 ستمبر 1897ء کو شائع فرمایا اور اس مدرسہ کا باقاعدہ آغاز 3 جنوری 1898ء کو آپ کی زندگی میں ہوا۔

خدمت دین کی یہ راہ کوئی آسان راہ نہ تھی اور پھر ہنوز اس ادارے سے وابستہ مقاصد خداوندی ابھی کھل کر سامنے نہ آئے تھے۔ لیکن آپ نے ان مقاصد کی وضاحت کی خاطر اپنی ذات مبارک کا اسوہ ایک مثال کے طور پر پیش کرتے ہوئے فرمایا:۔

''پس تم جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہو، تم دیکھتے ہو کہ خدا کے لئے زندگی کا وقف میں اپنی زندگی کی اصل غرض سمجھتا ہوں۔ پھر تم اپنے اندر دیکھو کہ تم میں سے کتنے ہیں جو میرے اس فعل کو اپنے لئے پسند کرتے اور خدا کے لئے زندگی وقف کرنے کو عزیز رکھتے ہیں۔''

(ملفوظات جلد اول صفحہ: 370)

مدرسہ احمدیہ جو 1898ء میں اپنی ابتدائی شکل میں پرائمری کلاس تک شروع ہوا تھا، جلد جلد ترقی کی منازل طے کرتا ہوا 1903ء تک کالج کے درجے تک پہنچ گیا۔ یہ سفر جاری تھا کہ 1905ء کے سال میں دو بزرگ رفقاء حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی اور حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی وفات پا گئے۔ ان بزرگان کی وفات سے قبل حضرت اقدس مسیح موعود کو الہاماً بتایا گیا:۔

''دو شہتیر ٹوٹ گئے''

چنانچہ ان بزرگان کی وفات سے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی توجہ اس جانب مبذول ہوئی کہ سلسلے کی مضبوطی کے لئے ایسے شہتیر نما وجودوں کی ضرورت جماعت کو ہمیشہ رہے گی۔ چنانچہ دسمبر 1905ء میں ایک موقع پر آپ نے فرمایا:۔

''مدرسہ کی حالت دیکھ کر دل پارہ پارہ اور زخمی ہوگیا۔ علماء کی جماعت فوت ہو رہی ہے۔ مولوی عبدالکریم صاحب کی قلم ہمیشہ چلتی رہتی تھی۔ مولوی برہان الدین فوت ہوگئے اب کوئی نہیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 584)

نیز فرمایا:۔

''اس مدرسہ کی بنا سے غرض یہ تھی کہ دینی خدمت کے لئے لوگ تیار ہو جاویں۔ یہ خدا تعالیٰ کا قانون ہے پہلے گذر جاتے ہیں، دوسرے جانشین ہوتے ہیں۔ اگر دوسرے جانشین نہ ہوں تو قوم کے ہلاک ہونے کی جڑ ہے مولوی عبدالکریم اور دوسرے مولوی فوت ہوگئے اور جو فوت ہوئے ہیں ان کا قائم مقام کوئی نہیں۔ دوسری طرف ہزار ہا روپیہ جو مدرسہ کے لئے جاتا ہے پھر اس سے فائدہ کیا؟ جب کوئی تیار ہو جاتا ہے تو دنیا کی فکر میں لگ جاتا ہے اصل غرض مفقود ہے میں جانتا ہوں جب تک تبدیلی نہ ہوگی کچھ نہ ہوگا۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 584)

جس تبدیلی کی طرف حضور نے اپنے اس ارشاد میں اشارہ فرمایا وہ دراصل خالص خدمت دین کیلئے وقف ہو جانے سے متعلق تھی۔ قبل ازیں جو طلبہ مدرسہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہوتے ان کے لئے لازم نہ تھا کہ وہ جماعت کے لئے زندگی وقف بھی کریں۔

خدمت دین کی غرض کو سامنے رکھتے ہوئے آپ کے ارشاد کے مطابق 1906ء میں ایک الگ کلاس کا اجراء کیا گیا۔ جسے شاخ دینیات کا نام دیا گیا۔ اس میں آپ کے ارشاد اور منشاء کے مطابق ابتداء سے ہی زیادہ توجہ دینی علوم سکھانے کی طرف رکھی گئی۔ اس کلاس کے ابتدائی اساتذہ کے طور پر دو رفقاء کرام حضرت سید امیر حسین شاہ اور حضرت فضل دین صاحب مقرر ہوئے۔

الحکم 31 جنوری اور 10 فروری 1906 کی اشاعت میں سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی چند عظیم الشان نصائح درج ہیں جو انتظامیہ اور خدام دین کے لئے تا قیامت مشعل راہ رہیں گی۔ فرمایا:۔

(۔) اس وقت یتیم ہو گیا ہے اور کوئی اس کا سرپرست نہیں اور خدا تعالیٰ نے اس جماعت کو اختیار کیا اور پسند فرمایا کہ وہ اس کی سرپرست ہو اور وہ ہر طرح سے ثابت کر کے دکھائے کہ (۔) کی سچی غمگسار اور ہمدرد ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ یہی قوم ہوگی جو بعد میں آنے والوں کے لئے نمونہ ٹھہرے گی۔ اس کے ثمرات برکات بعد میں آنے والوں کے لئے ہوں گے اور زمانہ پر محیط ہو جائیں گے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ یہ جماعت بڑھے گی لیکن وہ لوگ جو بعد میں آئیں گے ان مدارج اور مراتب کو نہ پائیں گے جو اس وقت والوں کو ملیں گے۔ خدا تعالیٰ نے ایسا ہی ارادہ فرمایا کہ وہ اس جماعت کو بڑھائے اور وہ (۔) اور توحید کی اشاعت کا باعث بنے۔

(۔) مدرسہ کے متعلق میری روح ابھی فیصلہ نہیں کر سکی کہ کیا راہ اختیار کیا جاوے۔ ایک طرف ضرورت ہے ایسے لوگوں کی جو عربی اور دینیات میں توغل رکھتے ہوں اور دوسری طرف ایسے لوگوں کی بھی ضرورت ہے جو آج کل کے طرز مناظرات میں پکے ہوں۔ علوم جدیدہ سے بھی واقف ہوں۔ کسی مجلس میں کوئی سوال پیش آجاوے تو جواب دے سکیں اور کبھی ضرورت کے وقت عیسائیوں سے یا کسی اور مذہب والوں سے انہیں (۔) کی طرف سے مناظرہ کرنا پڑے تو ہتک کا باعث نہ ہوں بلکہ وہ (۔) کی خوبیوں اور کمالات کو پرزور اور پرشوکت الفاظ میں ظاہر کر سکیں......

اس زمانہ میں (۔) پر ہر رنگ اور قسم کے اعتراض کئے جاتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ اس قسم کے اعتراضوں کا اندازہ کیا تھا تو میں نے دیکھا کہ (۔) پر تین ہزار اعتراض مخالفوں کی طرف سے ہوا ہے۔ پس یہ کس قدر ضروری ہے کہ ایک جماعت ایسے لوگوں کی ہو جو ان تمام اعتراضات کا بخوبی جواب دے سکے......

غرض اعتراض کرنے والوں کی یہ حالت ہے اور نہایت شوخی اور بے باکی کے ساتھ یہ سلسلہ جاری ہے۔ میں جب (۔) کی حالت کو مشاہدہ کرتا ہوں تو میرے دل پر چوٹ لگتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ ایسے لوگ میری زندگی میں تیار ہو جاویں جو (۔) کی خدمت کر سکیں۔ ہم تو پا بگور ہیں اور اگر اور تیار نہ ہوں تو پھر مشکل پیش آتی ہے۔ میرا مدعا اس قدر ہے کہ آپ لوگ تدبیر کریں۔ خواہ کسی پہلو پر صاد کیا جاوے مگر یہ ہو کہ چند سال میں ایسے نوجوان نکل آویں جن میں علمی قابلیت ہو اور وہ غیر زبان کی واقفیت بھی رکھتے ہوں اور پورے طور پر تقریر کر کے (۔) کی خوبیاں دوسروں کے ذہن نشین کر سکیں۔ میرے نزدیک غیر زبانوں سے اتنی ہی مراد نہیں کہ صرف انگریزی پڑھ لیں۔ نہیں اور زبانیں بھی پڑھیں اور سنسکرت بھی پڑھیں تا کہ ویدوں کو پڑھ کر ان کی اصلیت ظاہر کر سکیں۔ اس وقت تک وید گویا مخفی پڑے ہوئے ہیں کوئی انکا مستند ترجمہ نہیں۔ اگر کوئی کمیٹی ترجمہ کر کے صاد کر دے تو حقیقت معلوم ہو جاوے۔

اصل بات یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ (۔) کو ان لوگوں اور قوموں میں پہنچایا جاوے جو اس سے محض ناواقف ہیں اور اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ جن قوموں میں تم اسے پہنچانا چاہو ان کی زبانوں کی پوری واقفیت ہو۔ ان کی زبانوں کی واقفیت نہ ہو اور ان کی کتابوں کو پڑھ نہ لیا جاوے مخالف پورے طور پر عاجز نہیں ہوسکتا......

مجھے یہ بھی شبہ ہے کہ دماغی حالتیں کچھ اچھی نہیں ہیں۔ بہت ہی کم ایسے لڑکے ہوتے ہیں جن کے قویٰ اعلیٰ درجہ کے ہوں ورنہ اکثر کو سل یا دق ہو جاتی ہے۔ پس ایسے کمزور قویٰ کے لڑکے بہت محنت برداشت نہیں کر سکتے۔ اس لحاظ سے جب ہم دیکھتے ہیں تو اور بھی فکر دامن گیر ہوتا ہے کیونکہ ایک طرف تو ہم ایسے لڑکے تیار کرنا چاہتے ہیں جو دین کے لئے اپنی زندگی وقف کریں اور وہ فارغ التحصیل ہو کر خدمت دین کریں مگر دوسری طرف اس قسم کی مشکلات ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس سوال پر بہت فکر کیا جاوے۔ ہاں میں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ جو بچے ہمارے اس مدرسہ میں آتے ہیں ان کا آنا بھی بے سود نہیں ہے۔ ان میں اخلاص اور محبت پائی جاتی ہے۔ اس لئے اس موجودہ صورت اور انتظام کو بدلنا بھی مناسب نہیں ہے۔

میرے نزدیک یہ قاعدہ ہونا چاہئے تھا کہ ان بچوں کو تعطیل کے دن مولوی سید محمد احسن صاحب یا مولوی حکیم نورالدین صاحب زبانی تقریروں کے ذریعہ ان کو قرآن شریف اور علم حدیث اور مناظرہ کا ڈھنگ سکھاتے اور کم از کم دو گھنٹہ ہی اس کام کے لئے رکھے جاتے۔ میں یقیناً کہتا ہوں کہ زبانی تعلیم ہی کا سلسلہ جاری رہا ہے اور طب کی تعلیم بھی زبانی ہوتی آئی۔ زبانی تعلیم سے طالبعلموں کو خود بھی بولنے اور کلام کرنے کا طریق آجاتا ہے۔ خصوصاً جب کہ معلم فصیح و بلیغ ہو۔ زبانی تعلیم سے بعض اوقات ایسے فائدے

ہوتے ہیں کہ اگر ہزار کتاب بھی تصنیف ہوتی تو وہ فائدہ نہ ہوتا۔ اس لئے اس کا التزام ضروری ہے۔ تعطیل کے دن ضرور ان کو سکھایا جاوے۔ پھر باقاعدہ ان کو قرآن شریف سنایا جاوے۔ اس کے حقائق و معارف بیان کئے جاویں اور ان کی تائید میں احادیث کو پیش کیا جاوے۔ عیسائی جو اعتراض (۔) پر کرتے ہیں ان کے جواب ان کو بتائے جائیں اور اس کے بالمقابل عیسائیوں کے مذہب کی حقیقت کھول کر ان کو بتائی جاوے تا کہ وہ اس سے خوب واقف ہو جاویں۔ ایسا ہی دہریوں اور آریوں کے اعتراضات اور ان کے جوابات سے ان کو آگاہ کیا جاوے اور یہ سب کچھ سلسلہ وار ہو۔ یعنی کسی ہفتہ کچھ اور کسی ہفتہ کچھ۔ اگر یہ التزام کر لیا گیا تو میں یقیناً جانتا ہوں کہ بہت کچھ تیاری کر لیں گے۔ نری عربی زبان کی واقفیت کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ آنحضرت ﷺ جب پیدا نہیں ہوئے تھے تو اس زبان نے عربوں کے اخلاق، عادات اور مذہب پر کیا اثر ڈالا؟ اور اب شام و مصر میں کیا فائدہ پہنچایا؟ ہاں یہ سچ ہے کہ عربی زبان اگر عمدہ طور سے آتی ہو تو وہ قرآن شریف کی خادم ہوگی اور انسان قرآن کریم کے حقائق و معارف خوب سمجھ سکے گا۔ چونکہ قرآن اور احادیث عربی زبان میں ہیں اس لئے اس زبان سے پورے طور پر باخبر ہونا بہت ہی ضروری ہو گیا ہے اگر عربی زبان سے واقفیت نہ ہو تو قرآن شریف اور احادیث کو کیا سمجھے گا؟ ایسی حالت میں تو پتہ ہی نہیں ہو سکتا کہ یہ آیت قرآن شریف میں ہے بھی یا نہیں۔

سادہ ترجمہ پڑھ لینے سے اتنا فائدہ نہیں ہوتا ان علوم کا جو قرآن شریف کے خادم ہیں۔ واقف ہونا ضروری ہے اسی طرح پر قرآن شریف پڑھایا جاوے اور پھر حدیث اور اسی طرح پر ان کو اس سلسلہ کی سچائی سے آگاہ کیا جاوے اور ایسی کتابیں تیار کی جاویں جو اس تقسیم کے ساتھ ان کے لئے مفید ہوں اگر یہ سلسلہ اس طرح پر جاری ہو جاوے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے مقاصد کا بہت بڑا مرحلہ طے ہو جاوے گا۔

یہ بھی یاد رہے کہ بیان کرنے والے تقسیم اوقات کے ساتھ بیان کریں اور پھر وہ ان بچوں سے امتحان لیں۔

غرض میں جو کچھ چاہتا ہوں وہ تم نے سن لیا ہے اور میری اصل غرض اور منشاء کو تم نے سمجھ لیا ہے اس کے پورا کرنے کے لئے جو تجاویز اور پھر ان تجاویز پر جو اعتراض ہوتے ہیں وہ بھی تم نے بیان کر دئے ہیں اور میں سن چکا ہوں۔ میں مدرسہ کی موجودہ صورت کو بھی پسند کرتا ہوں اس سے نیک طبع بچے کچھ نہ کچھ اثر ضرور لے جاتے ہیں اس لئے یہ نہیں چاہئے کہ مَا لَا یُدْرَکُ (۔) تجربہ کے طور پر سردست ایک سال کے لئے ہی ایسا انتظام کر کے دیکھو کہ ہفتہ وار جلسوں کے ذریعہ ان کو دینی ضروریات سے آگاہ کیا جاوے۔ ہاں عربی زبان کے لئے معقول انتظام ہونا چاہئے اگر اس کے لئے کچھ نہ ہوا تو پھر ہماں اش در کاسہ والی بات ہوگی۔ گویا زبانی تو سب کچھ ہوا مگر عملی اور حقیقی طور پر کچھ بھی نہ ہوا۔

اس بات کو بھی زیر نظر رکھ لو کہ اگر ان بچوں پر اور بوجھ ڈالا گیا تو وہ پاس ہونے کے خیالات میں دو طرفہ محنت نہیں کر سکیں گے۔ ایک ہی طرف کوشش کریں گے اور اگر علیحدہ تعلیم ہوگی تو اس کے لئے وقت وہی ہے وہ بڑھ نہیں سکتا۔ اس لئے ایک تو وہی صورت ہو سکتی ہے جو زبانی تعلیم کی میں نے بتائی ہے اور ایک اور یہ صورت ہے کہ وہ بچے جو پاس اور فیل کی پرواہ نہ رکھیں بلکہ ان کی غرض خدمت دین کے لئے تیار ہونا ہو اور محض دین کے لئے تعلیم حاصل کریں۔ ایسے بچوں کے لئے خاص انتظام کر دیا جاوے۔ مگر ان کے لئے بھی یہ ضروری امر ہے کہ علوم جدیدہ سے انہیں واقفیت ہو۔ ایسا نہ ہو کہ اگر علوم جدیدہ کے موافق کسی نے اعتراض کر دیا تو وہ خاموش ہو جاویں اور کہہ دیں کہ ہمیں تو کچھ معلوم نہیں۔ اس لئے موجودہ علوم سے انہیں کچھ نہ کچھ واقفیت ضروری ہے تا کہ وہ کسی کے سامنے شرمندہ نہ ہوں اور ان کی تقریر کا اثر زائل نہ ہو جاوے محض اس وجہ سے کہ وہ بے خبر ہیں۔

ہاں ایک جماعت یہ ہو کہ وہ دونوں علوم حاصل کر سکیں اور بجائے خود انہیں وقت کی پرواہ نہ ہو پھر اس پر مشکل یہ ہوگی کہ استاد مستعد اور مقرر بنیں غرض ہر پہلو کو سوچ کر یہ انتظام کرنے کی بات ہے۔ اس لئے میں جب ان تمام امور کو مدنظر رکھ کر سوچتا ہوں تو حیران ہوتا ہوں اور سمجھ نہیں سکتا کہ ہمارا جو مطلب ہے وہ کیونکر پورا ہو سکتا ہے۔ اگر موجودہ صورت ہی کو قائم رکھیں اور کوئی انتظام نہ کیا گیا تو پھر ان ساری تقریروں سے فائدہ کیا ہوا؟ اور اگر اس پر مضامین بڑھا دیں تو استاد واویلا کرتے ہیں کہ وقت تھوڑا ہے اور ساتھ ہی لڑکوں کی صحت کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔

خلاصہ یہ کہ اس نکتہ کو مدنظر رکھو کہ ایسے لوگ تیار ہو جاویں گے۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ میرے سامنے تیار ہوں۔ خدا تعالیٰ نے جو نوح علیہ السلام کو حکم دیا کہ واصنع الفلك باعيننا (ہود:38) تو کشتی ہمارے سامنے بنا۔ اسی طرح پر میں اس جماعت کو اپنے سامنے تیار کرانا چاہتا ہوں۔ فائدہ اسی سے ہوگا۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 617 تا 622)

1907ء کا سال قیام جامعہ کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس سال سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے باقاعدہ طور پر وقف زندگی کی تحریک فرمائی اور اس کی شرائط میں سے ایک شرط یہ تھی کہ میں معاوضہ نہ لوں گا چاہے مجھے درختوں کے پتے کھا کر گزرا کرنا پڑے میں گزارا کر لوں گا ایک ضروری ہدایت آپ نے یہ دی کہ واقفین کو ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپنی رپورٹ بھجوانی ہوگی۔ ابتداء میں جن رفقاء نے زندگی وقف کی ان میں سے بعض کے نام درج ہیں۔

حضرت شیخ محمد تیمور صاحب طالب علم علی گڑھ
حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب
حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب
میاں محمد حسن صاحب
حضرت مفتی محمد صادق صاحب

(تاریخ احمدیت جلد 2 صفحہ 499)

1908ء میں سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود وفات پا گئے۔

یہ ایک مشکل وقت تھا۔ حضرت اقدس سے براہ راست تربیت یافتہ آپ کے غلام صادق حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے منتخب ہونے کے بعد اپنی پہلی ہی تقریر میں فرمایا۔

''تعلیم دینیات، دینی مدرسہ کی تعلیم میری مرضی اور منشاء کے مطابق کرنا ہوگی۔''

(بدر 2 جون 1908ء)

اس مرد صادق اور صدیق کی مرضی اور منشاء دراصل حضرت اقدس مسیح موعود کی مرضی اور منشاء تھی۔

خلیفۃ المسیح الاول کے دور مبارک میں 1909ء تک شاخ دینیات ''مدرسہ تعلیم الاسلام'' کے ساتھ ملحق تھی۔ یکم مارچ 1909ء کو یہ شاخ ''مدرسہ احمدیہ'' کے نام سے ایک الگ درسگاہ کے طور پر جاری ہو گئی۔ اس درسگاہ کے باقاعدہ قواعد و ضوابط بنائے گئے اور سات سالوں پر مشتمل ایک نصاب ترتیب دیا گیا۔ اس وقت تک ''مدرسہ احمدیہ کے لئے کسی الگ بورڈنگ کا انتظام نہ تھا اور اسکی کلاسیں مدرسہ تعلیم الاسلام میں ہی لگتی رہیں۔

1910ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب کو افسر مدرسہ احمدیہ مقرر فرمایا اور جملہ انتظامات آپ کے ذمے لگا دئے۔ آپ ستمبر 1910ء سے مارچ 1914ء تک افسر مدرسہ احمدیہ رہے اسی دور میں مدرسہ کی الگ بورڈنگ، طلبہ کے لئے ٹاٹ کی بجائے کرسیوں اور مدرسہ کی الگ لائبریری کا انتظام ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول 1914ء میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی مسند خلافت پر متمکن ہوئے۔ آپ نے 1917ء میں اپنے زمانے خلافت میں پہلی مرتبہ باقاعدہ طور پر زندگی وقف کرنے کی تحریک فرمائی اور بے نفس کارکنوں کو آگے بڑھ کر دین کی خاطر خدمت بجالانے کی تلقین فرمائی۔ ابتدائی طور پر 63 نوجوانوں نے اپنے نام پیش کرنے کی توفیق پائی۔

دراصل آپ کو ابتدائے خلافت سے یہ خیال تھا کہ جماعت احمدیہ کی عالمگیر دینی ضروریات کے لئے مدرسہ احمدیہ کو ترقی دے کر ایک عربی کالج تک پہنچانا ضروری ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے حضور نے 1919ء میں یہ قدم اٹھایا کہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے، حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب، حضرت میر اسحاق صاحب، حضرت عبدالرحیم درد صاحب، حضرت مولوی محمد دین صاحب، ماسٹر نواب دین صاحب اور شیخ عبدالرحمٰن مصری صاحب پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر فرمائی جس نے مختلف پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد ایک سکیم تیار کی۔

(رپورٹ سالانہ صدر انجمن احمدیہ 19-1920ء صفحہ 59)

کم و بیش اسی سکیم کے مطابق آپ نے 1928ء میں صدر انجمن احمدیہ کو ہدایت فرمائی کہ وہ مدرسہ کو کالج تک ترقی دینے کے لئے عملی اقدام کرے۔

(الفضل 14 اگست 1928ء)

صدر انجمن احمدیہ نے 15/اپریل 1928ء کو ''جامعہ احمدیہ'' کے نام سے ایک مستقل ادارے کے قیام کا فیصلہ حضور کی منشاء کے مطابق کیا۔ 1928ء میں آپ نے ہی اس کا افتتاح فرمایا اور اس کے پہلے پرنسپل حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب مقرر فرمائے۔

جامعہ احمدیہ کی غرض و غایت پر روشنی ڈالتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

''خدا تعالیٰ کے مامور حضرت مسیح موعود کے ارشاد اور ہدایت کے ماتحت مدرسہ احمدیہ قائم کیا گیا تا کہ اس میں ایسے لوگ تیار ہوں جو وَلْتَکُنْ مِنْکُمْ (۔) کے منشاء کو پورا کرنے والے لوگ ہوں۔

(۔) کے لحاظ سے یہ کالج (یعنی جامعہ احمدیہ) ایسا ہونا چاہئے کہ اس میں نہ صرف دینی علوم پڑھائے جائیں بلکہ دوسری زبانیں بھی پڑھانی ضروری ہیں۔ ہمارے جامعہ میں بعض کو انگریزی بعض کو جرمن، بعض کو سنسکرت، بعض کو روسی، بعض کو سپینش وغیرہ زبانوں کی اعلیٰ تعلیم دینی چاہیے کیوں کہ جن ملکوں میں (۔) کو بھیجا جائے ان کی زبان جاننا ضروری ہے۔''

(انوار العلوم جلد 10 صفحہ 214)

1947ء میں پاکستان بننے کے بعد جامعہ احمدیہ کے جملہ اساتذہ و طلباء 10 نومبر 1947ء کو پہلے لاہور آئے جہاں 13 نومبر 1947ء کو مدرسہ احمدیہ اور جامعہ احمدیہ کو مدغم کر کے ادارہ شروع ہوا چند ماہ بعد یہ ادارہ چنیوٹ اور پھر وہاں سے تقریباً 2 ماہ بعد احمد نگر منتقل ہو گیا۔

اس کے بعد نومبر 1949ء میں حضرت مصلح موعود نے ''جامعۃ المبشرین'' کا آغاز فرمایا۔ جہاں پر جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد طلبہ مزید دو سال تعلیم حاصل کرتے۔

پھر جولائی 1957ء میں جامعۃ المبشرین کو بھی ''جامعہ احمدیہ'' میں مدغم کر دیا گیا۔ اور 1959ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی منظوری سے جامعہ احمدیہ کی وسیع تر عمارت بنانے کا پروگرام بنایا گیا اور تعمیر کا آغاز کیا گیا۔

جامعہ احمدیہ کے لئے اس نئی عمارت کی بنیاد سیدنا حضرت مسیح موعود کے مقرب رفیق اور جماعت کے ممتاز عالم حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب نے عید الفطر کے روز یکم شوال 1379 ہش بمطابق 29 مارچ 1960 بوقت پانچ بجے شام رکھی۔ آپ نے قادیان کے مقامات مقدسہ کی ایک اینٹ اپنے ہاتھ میں لے کر اس پر دیر تک دعا کی اور دعا سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے اس اینٹ کو اپنے ہاتھ سے بنیاد میں نصب فرمایا۔

تعمیر کا کام قریباً دو سال کی محنت شاقہ اور دو لاکھ روپیہ کے مصرف سے مکمل ہوا۔ جب عمارت مکمل ہو چکی تو 3 دسمبر 1961 کی سہ پہر کو اس کا افتتاح ہوا۔ قمر الانبیاء حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے بنفس نفیس نئی عمارت میں تشریف لا کر ایک پر اثر خطاب اور اللہ تعالیٰ کے حضور خاص دعاؤں سے اس کا افتتاح فرمایا۔

حضرت مصلح موعود کے مبارک دور میں جامعہ

احمدیہ اپنی مضبوط بنیادوں پر ایک عظیم ادارے کے طور پر کھڑا ہو گیا۔ اور علمی و دینی محاذ پر جماعت کی عظیم خدمت بجالانے لگا۔

1965ء میں آپ کی وفات کے بعد حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو جامعہ احمدیہ اب آپ کی براہ راست قیادت اور ہدایات سے فیض یاب ہونے لگا اور ترقی کے مزید زینے طے کرنے لگا۔ کئی علمی رسالے اور کتب جامعہ کی طرف سے شائع ہوئیں۔ جن میں رسالہ البشریٰ اور شیخ عبدالقادر مرحوم کی کتاب ’’فردوس گم گشتہ‘‘ خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔ آپ کے زمانے میں جامعہ احمدیہ میں سیمینارز کا سلسلہ شروع ہوا۔ جن میں مختلف ممالک اور براعظموں کے حالات پر سیمینارز خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان میں جماعت کے چوٹی کے ماہرین اور مقررین اپنے خطاب سے احباب کو بہرہ ور کرتے اور بزرگان سلسلہ اور اہل ربوہ کی بڑی تعداد شامل ہو کر استفادہ کرتی۔

1982ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے وفات پا جانے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کے چوتھے خلیفہ کے طور پر مسند خلافت پر متمکن ہوئے۔

آپ ہی کے دور میں مبارک میں ستمبر 1994ء سے جامعہ احمدیہ کو انٹرنیشنل جامعہ احمدیہ کا نام دیا گیا۔ اور ایک Revised نصاب سات سال کے عرصے پر محیط جاری کیا گیا۔ یہ نصاب تین مرحلوں پر مشتمل ہے۔ پہلا مرحلہ دو سال، دوسرا تین سال، اور تیسرا پھر دو سال پر مشتمل ہے۔

یکم ستمبر 2002ء میں واقفین نو کی بڑھتی ہوئی تعداد کے جامعہ میں آنے کی توقع پر جامعہ احمدیہ دو سیکشن بنا دیئے گئے۔ جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن اور سینئر سیکشن۔

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن کا افتتاح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو اس وقت ناظر اعلیٰ و امیر مقامی کے عہدے پر فائز تھے نے فرمایا۔

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن اور سینئر سیکشن طلبہ کی علمی، روحانی اور جسمانی ترقی کے لئے لحہ بہ لحہ کوشش کرتا ہوا آگے بڑھ رہا ہے۔ دوران سال کئی قسم کے علمی و ورزشی مقابلہ جات منعقد ہوتے ہیں۔ حالات حاضرہ اور اہم دینی و سائنسی موضوعات پر لیکچرز ہوتے ہیں۔ لینگویج کیمپس اور ہائیکنگ کے پروگرام ہر سال کئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس ادارے کو دین حق اور احمدیت کی ایسی خدمت کی توفیق بخشے جو رہتی دنیا تک یادگار ہو۔ آمین۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یکم اکتوبر 2005ء کو جامعہ احمدیہ یو۔کے۔ کے افتتاح کے موقع پر فرمایا:۔

یہ ایک ایسا ادارہ ہے جو جماعت احمدیہ کا دینی تعلیم سکھانے والا ادارہ ہے۔ وہ لوگ یہاں داخل ہوں گے جنہوں نے اپنی زندگیاں دین کی خدمت کے لئے وقف کی ہیں۔ تو اس لحاظ سے بہر حال پھر انتظامیہ کو دیکھنا بھی پڑتا ہے۔ لیکن آپ لوگوں سے میں کہتا ہوں کہ اگر آپ لوگ جو طلبہ آئے ہیں اعلیٰ مثالیں قائم کریں اور ہر لحاظ سے قائم کریں تو جامعہ کی تاریخ میں آپ کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ ہمیشہ آپ کو اس نام سے یاد کیا جائے گا کہ یہ ایسے طلبہ تھے جن سے بعد میں آنے والوں نے بھی رہنمائی حاصل کی۔ کیونکہ لمبی کلاسیں چلنی ہیں ہر سال داخلے ہوں گے تو ظاہر ہے وہ آپ کے نمونے بھی دیکھ رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی تعلیم مکمل کرنے، نیکیوں میں بڑھتے چلے جانے اور اپنے وقف کو نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہمیشہ آپ کو اس بات پر فخر رہے اور یہ فخر عاجزی میں بڑھائے کہ ہم خدا کے مسیح کی فوج کے سپاہی ہیں جنہوں نے آنحضرت ﷺ کے جھنڈے کو تمام دنیا میں گاڑنا ہے انشاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

خاکسار اپنے مضمون کا اختتام حضرت اقدس مسیح موعود کے ان الفاظ پر کرتا ہے۔

’’میں خود جو اس راہ کا پورا تجربہ کار ہوں اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور فیض سے میں نے اس راحت اور لذت سے حظ اٹھایا ہے یہی آرزو رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کرنے کے لئے اگر مر کے پھر زندہ ہوں اور پھر مروں اور زندہ ہوں تو ہر بار میرا شوق ایک لذت کے ساتھ بڑھتا ہی جاوے۔

پس میں چونکہ خود تجربہ کار ہوں اور تجربہ کر چکا ہوں اور اس وقف کے لئے اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ جوش عطا فرمایا ہے کہ اگر مجھے یہ بھی کہہ دیا جاوے کہ اس وقف میں کوئی ثواب اور فائدہ نہیں ہے بلکہ تکلیف اور دکھ ہوگا تب بھی میں (۔) کی خدمت سے رک نہیں سکتا۔ اس لئے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اپنی جماعت کو وصیت کروں اور یہ بات پہنچا دوں۔ آئندہ ہر ایک کا اختیار ہے کہ وہ اسے سنے یا نہ سنے! اگر کوئی نجات چاہتا ہے اور حیات طیبہ یا ابدی زندگی کا طلبگار ہے تو وہ اللہ کے لئے اپنی زندگی وقف کرے اور ہر ایک اس کوشش اور فکر میں لگ جاوے کہ وہ اس درجہ اور مرتبہ کو حاصل کرے کہ کہہ سکے کہ میری زندگی، میری موت، میری قربانیاں، میری نمازیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

جب تک انسان خدا میں کھویا نہیں جاتا خدا میں ہو کر نہیں مرتا، وہ نئی زندگی پا نہیں سکتا۔

پس تم جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہو تم دیکھتے ہو کہ خدا کے لئے زندگی کا وقف میں اپنی زندگی کی اصل غرض سمجھتا ہوں۔ پھر تم اپنے اندر دیکھو کہ تم میں سے کتنے ہیں جو میرے اس فعل کو اپنے لئے پسند کرتے اور خدا کے لئے زندگی کو وقف کرنے کو عزیز رکھتے ہیں۔‘‘

(ملفوظات جلد اول صفحہ 370)

☆......☆......☆

ح۔شاہد

میری پیاری نانی جان محترمہ ناصرہ بیگم صاحبہ

میری پیاری نانی جان محترمہ ناصرہ بیگم صاحبہ کا تعلق قادر آباد ضلع سیالکوٹ سے تھا۔ جب آپ کے والد کا انتقال ہوا تو آپ کی عمر صرف اڑھائی سال تھی اور آپ گھر میں سب سے چھوٹی تھیں۔ آپ کی والدہ محترمہ بہشت بی بی صاحبہ نے بڑی محنت سے اپنی اولاد کی پرورش کی۔ اسی دور میں آپ نے احمدیت قبول کی۔ انہیں خلافت سے غیر معمولی عشق تھا۔ اپنی اولاد کو بھی جماعت سے محبت کرنے کا درس دیا۔ یہ آپ کی عمدہ تربیت کا ہی نتیجہ تھا کہ آپ کی ساری اولاد بہت نیک اور پرہیزگار تھی۔ میری نانی جان بھی بہت صالح، پرہیزگار، تہجد گزار، صاف گو، عاشق قرآن اور خلافت احمدیہ کی دلدادہ تھیں۔

1951ء میں آپ کی شادی محترم نصر اللہ خاں کاہلوں صاحب سے ہوئی۔ شادی کے بعد آپ نے زیادہ وقت چھور مغلیاں چک نمبر 117 ضلع سانگلہ ہل میں ہی گزارا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک بیٹے اور دو بیٹیوں سے نوازا۔ آپ کے بیٹے کا جوانی میں ہی ایک ٹریفک حادثہ میں انتقال ہو گیا۔ لیکن آپ نے اس آزمائش کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا اور اللہ کی رضا میں ساری عمر راضی رہیں۔ آپ کا یہ صبر روحانیت میں تبدیل ہو کر ہم سب کے لئے دعاؤں کا انمول خزانہ بن گیا۔

آپ اپنے نواسے، نواسیوں سے بے حد پیار کرتی تھیں اور ہماری تعلیمی، تربیتی اور اخلاقی ترقیات کے لئے ہمیشہ کوشش کرتی رہیں۔ آپ کی خواہش تھی کہ ہم سب اچھی تعلیم و تربیت حاصل کریں۔ آپ ہمارے لئے بہت دعائیں کرتیں۔ ہمیں بھی آپ نے بہت ساری دعائیں سکھلائیں۔ درود شریف، لاحول ولاقوۃ اور استغفار بکثرت پڑھنے کی تاکید کی اور نمازوں کی باقاعدہ ادائیگی کرنے کے لئے بھی کہتیں۔ آپ فرصت کے اوقات میں ذکر الٰہی میں مصروف رہتیں۔ جب آپ کی نظر کمزور ہو گئی تو ایم ٹی اے پر تلاوت سنتیں۔ آپ کی یہی حقیقی اور خوبصورت یادوں کے نقوش ہمارے ذہن میں جگمگا کر ہماری زندگی کی راہوں کو منور کرتے ہیں۔

آپ بہت ہی مہمان نواز تھیں۔ ہر آنے والے مہمان کو خندہ پیشانی سے ملتیں اور ان کی خوب خاطر تواضع کرتیں۔ تمام رشتہ داروں اور غیروں سے حسن سلوک سے پیش آتیں۔ بہت سے عزیزوں کی شادیاں کروائیں۔ الغرض آپ کی تمام زندگی نافع الناس تھی۔ کسی نہ کسی رنگ میں آپ کو خدمت خلق کے مواقع بھی ملتے رہے جس سے آپ نے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ جماعتی ضروریات کو اپنی سعی کے مطابق پورا کرتیں۔ دین کے مقابلے میں دنیاوی کاموں کو ثانوی حیثیت دیتی تھیں۔

لیکن ان سب سے بڑھ کر وہ خدمت اور وہ قربانی ہے جو آپ سے آپ کے شوہر کی بیماری کے عرصہ کے ہر لحہ نے طلب کی جسے آپ نے انجام دیا۔ یہ بہت صبر آزما وقت تھا۔ اس سارے عرصہ میں آپ نے جس قدر اپنا وجود اور اپنی طاقتیں اور اپنی صحت خدائی مرضی کے تابع رکھی وہ صرف آپ کا ہی حصہ تھیں اور کسی اور سے ممکن نہ ہو سکتا۔ ان کی بیماری کے دوران آپ کی ہر طرح کی ذمہ داریاں بڑھ گئیں۔ ان کی تکلیف کے احساس اور اس کے درد و کرب سے ہر فرد خاندان پریشان تھا۔ لیکن آپ کے دل و دماغ، خیالات و احساسات میں صرف ایک ہی جذبہ حاوی تھا۔ آپ کی کمزور اور ضعیف جان صرف اپنے شوہر کے لئے وقف تھی۔ دل بھر آتا تھا۔ آنسو بہہ پڑتے تھے اور بعض اوقات کافی پریشان ہو جاتی تھیں۔ اپنے کردار و عمل سے ایک وفا شعار بیوی ثابت ہوئیں۔ آپ اکثر یہ دعا کرتی تھیں۔

’’اے اللہ! مجھے کبھی کسی کا محتاج نہ کرنا‘‘

خدا جوان کے بہت قریب تھا۔ اس نے ان کی یہ دعا سن لی۔ آپ ہمیں محزون بنا کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔ بوجہ موصی ہونے کے بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئیں۔

ہمارے دلوں میں آپ ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ خدا کی ہر آن بڑھتی ہوئی رحمتیں آپ پر نازل ہوتی رہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے الطاف و نعماء کا مورد بنائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 6)

4-00 pm	المائدہ
4-15 pm	ایم ٹی اے ورائٹی
4-40 pm	درس حدیث
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-05 pm	بنگلہ سروس
7-10 pm	ترجمۃ القرآن
8-15 pm	دورہ حضور انور
9-00 pm	ملاقات
10-00 pm	حمدیہ مجلس
11-10 pm	المائدہ
11-30 pm	عربی سروس

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 15 جون 2007ء

5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-50 am	ورائٹی پروگرام
6-35 am	لقاء مع العرب
7-25 am	دورہ حضور انور
8-20 am	ترجمۃ القرآن
9-20 am	المائدہ کُکری پروگرام
9-30 am	مشاعرہ
10-30 am	ایم ٹی اے ٹریول
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
11-55 am	گلشن وقف نو
12-50 pm	فرانسیسی سروس
1-15 pm	سرائیکی سروس
2-00 pm	ملاقات
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
5-00 pm	خطبہ جمعہ لائیو
6-20 pm	تلاوت خبریں
7-05 pm	درس حدیث
7-10 pm	بنگلہ سروس
8-15 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
9-00 pm	خطبہ جمعہ
10-05 pm	انٹرویو
11-05 pm	فرانسیسی سروس
11-30 pm	عربی سروس

ہفتہ 16 جون 2007ء

1-30 am	خبریں
2-10 am	خطبہ جمعہ
3-20 am	ورائٹی پروگرام
3-50 am	ملاقات
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-45 am	فرانسیسی سروس
6-10 am	لقاء مع العرب
7-15 am	سپوٹ لائٹ
8-20 am	خطبہ جمعہ
9-30 am	ملاقات
10-30 am	ورائٹی پروگرام
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
12-55 pm	رفقاء احمد
1-30 pm	خطبہ جمعہ
2-30 pm	قرآن کوئز
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-50 pm	تقاریر جلسہ سالانہ
4-30 pm	آسٹریلین ڈاکومینٹری
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-00 pm	انتخاب سخن
8-00 pm	گلشن وقف نو
8-55 pm	حمدیہ مجلس
9-55 pm	سوال و جواب
11-05 pm	آسٹریلین ڈاکومنٹری
11-30 pm	عربی سروس

اتوار 17 جون 2007ء

1-35 am	خبریں
2-10 am	گلشن وقف نو
3-00 am	تقاریر جلسہ سالانہ
3-55 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-55 am	قرآن کوئز
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	کڈز میٹر
7-55 am	خطبہ جمعہ
8-55 am	رفقاء احمد
9-25 am	حمدیہ مجلس
10-30 am	آسٹریلین ڈاکومنٹری
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-20 pm	عربی سیکھئے
1-40 pm	دورہ حضور انور
2-30 pm	کڈز میٹر
3-10 pm	انڈونیشین سروس
4-10 pm	سپینش سروس
5-10 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-20 pm	بنگلہ سروس
7-20 pm	خطبہ جمعہ
8-20 pm	گلشن وقف نو
9-35 pm	دورہ حضور انور
10-00 pm	ایم ٹی اے ٹریول
10-10 pm	سوال و جواب
11-30 pm	عربی سروس

سوموار 18 جون 2007ء

12-30 am	کڈز میٹر
1-10 am	عربی سیکھئے
1-25 am	خبریں
2-00 am	گلشن وقف نو
3-10 am	دورہ حضور انور
3-50 am	علمی خطابات
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-00 am	عربی سیکھئے
6-15 am	لقاء مع العرب
7-20 am	خطبہ جمعہ
8-30 am	سوال و جواب
10-00 am	علمی خطابات
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-15 pm	بستان وقف نو
1-30 pm	فرانسیسی سروس
2-00 pm	ملاقات
3-00 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	غزوات النبیؐ
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
5-50 pm	بنگلہ سروس
6-50 pm	خطبہ جمعہ
8-00 pm	بستان وقف نو
8-55 pm	جلسہ یوم مسیح موعود
9-40 pm	طب و صحت
10-20 pm	فرانسیسی سروس
11-30 pm	عربی سروس

منگل 19 جون 2007ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-40 am	خبریں
2-15 am	بستان وقف نو
3-10 am	خطبہ جمعہ
4-20 am	طب و صحت
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-55 am	فرانسیسی سروس
6-15 am	لقاء مع العرب
7-20 am	خطبہ جمعہ
8-25 am	فرانسیسی سروس
9-55 am	غزوات النبیؐ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	عربی سیکھئے
1-30 pm	سوال و جواب
2-40 pm	انڈونیشین سروس
3-40 pm	سندھی سروس
4-40 pm	ایم ٹی اے ٹریول
5-15 pm	تلاوت، درس، خبریں
5-55 pm	بنگلہ سروس
6-55 pm	جلسہ سالانہ جرمنی 2005ء
8-10 pm	گلشن وقف نو
9-25 pm	ایم ٹی اے ٹریول
10-35 pm	سپکٹرم
11-30 pm	عربی سروس

بدھ 20 جون 2007ء

1-30 am	خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-10 am	سپکٹرم
3-45 am	سوال و جواب
5-05 am	تلاوت، درس، خبریں
6-15 am	لقاء مع العرب
7-15 am	سپکٹرم
7-40 am	سوال و جواب
8-50 am	خطاب حضور انور
10-15 am	عربی سیکھئے
10-30 am	ایم ٹی اے ٹریول
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
1-45 pm	سوال و جواب
2-30 pm	انڈونیشین سروس
3-30 pm	آسٹریلین ڈاکومینٹری
4-05 pm	سواحیلی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-10 pm	بنگلہ سروس
7-10 pm	علمی خطابات
8-25 pm	جلسہ سالانہ U.K
8-45 pm	گلشن وقف نو
10-05 pm	سوال و جواب
10-05 pm	لجنہ میگزین
11-30 pm	عربی سروس

جمعرات 21 جون 2007ء

12-25 am	لقاء مع العرب
1-30 am	خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-20 am	تقاریر جلسہ سالانہ
3-55 am	علمی خطابات
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-15 am	لقاء مع العرب
7-15 am	اسلامی اصول کی فلاسفی
7-55 am	ہماری کائنات
8-25 am	علمی خطابات
9-30 am	لجنہ میگزین
10-05 am	آسٹریلین ڈاکومنٹری
10-35 am	تقاریر جلسہ سالانہ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	چلڈرنز کلاس
1-05 pm	ملاقات
2-10 pm	دورہ حضور انور
3-00 pm	انڈونیشین سروس

(باقی صفحہ 5 پر)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 69679 میں عمران حفیظ باجوہ

ولد حفیظ احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 3/2 ج۔ب کتھو والی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-4-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عمران حفیظ باجوہ گواہ شد نمبر 1 ماسٹر رشید احمد وصیت نمبر 45841 گواہ شد نمبر 2 ابرار احمد کاہلوں وصیت نمبر 48932

مسل نمبر 69680 میں وجاہت علی طاہر

ولد لیاقت علی طاہر قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 3/2 ج۔بکتھو والی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-4-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وجاہت علی طاہر گواہ شد نمبر 1 ماسٹر رشید احمد وصیت نمبر 45841 گواہ شد نمبر 2 ابرار احمد کاہلوں وصیت نمبر 48932

مسل نمبر 69681 میں وقاص احمد

ولد محمد رفیق قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ڈیرہ نمبرداراں 58/2 ٹکڑا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وقاص احمد۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد دانش معلم سلسلہ وصیت نمبر 36923۔ گواہ شد نمبر 2 محمد سلیم اختر وصیت نمبر 44340

مسل نمبر 69682 میں محمود احمد

ولد حمید اللہ قوم جٹ بُھٹہ پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 40A/2L مرزا فروٹ فارم ضلع اوکاڑہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-24 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/78000 روپے سالانہ بصورت ملازمت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمود احمد۔ گواہ شد نمبر 1 اطہر اقبال احمد ولد ڈاکٹر محمد اقبال۔ گواہ شد نمبر 2 رضوان احمد طیب معلم سلسلہ ولد محمد ابراہیم

مسل نمبر 69683 میں مجیدہ محمود

زوجہ محمود احمد قوم جٹ بُھٹہ پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 40A/2L مرزا فروٹ فارم ضلع اوکاڑہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-24 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/36000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مجیدہ محمود۔ گواہ شد نمبر 1 اطہر اقبال احمد ولد ڈاکٹر محمد اقبال گواہ شد نمبر 2 رضوان احمد طیب معلم سلسلہ ولد محمد ابراہیم

مسل نمبر 69684 میں بشارت احمد

ولد نذیر احمد قوم چیمہ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گجو چک ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-5-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بشارت احمد۔ گواہ شد نمبر 1 رانا طاہر احمد مربی سلسلہ وصیت نمبر 34802 گواہ شد نمبر 2 عبدالستار

مسل نمبر 69685 میں محمود احمد بٹ

ولد عبدالرحمٰن بٹ (مرحوم) قوم بٹ پیشہ مزدوری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ترگڑی ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-5-9 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) ترکہ از والدین 4 مرلے کا رہائشی مکان اندازاً مالیتی -/200000 روپے۔ جس میں 2 بھائی 2 بہنیں حصہ دار ہیں۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 07-6-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمود احمد بٹ۔ گواہ شد نمبر 1 محدث خلیل وصیت نمبر 43860۔ گواہ شد نمبر 2 رانا طاہر احمد مربی سلسلہ وصیت نمبر 34802

مسل نمبر 69686 میں زاہدہ تبسم

